# تعارف و تبصرہ کتب

تبصرہ نگار: پروفیسر محمد یونس جنجوعہ

## (۱)

نام کتاب : والدین کے حقوق و فرائض

مصنف : مفتی حافظ محمد حسام اللہ شریفی

ضخامت : 144 صفحات ۔ قیمت: الوقف للہ

ملنے کا پتہ: مرکزی انجمن سہروردیہ F-137 سنٹرل ایونیو SITE کراچی

کتاب کے مصنف مفتی حافظ محمد حسام اللہ شریفی معروف عالم دین ہیں۔ وہ ملک کی وفاقی شرعی عدالت کے مشیر اور رابطہ عالم اسلامی کے رکن ہیں۔ ''کتاب و سنت کی روشنی میں'' ان کا کالم ہفت روزہ ''اخبار جہاں'' کی زینت ہوتا ہے۔ ان کا یہ کالم مستند اسلامی تعلیمات پر مشتمل ہونے کی وجہ سے مردوں اور عورتوں میں یکساں مقبول ہے۔ وہ اسلامی تعلیمات پر مبنی کئی کتابوں کے مصنف ہیں۔

''والدین کے حقوق و فرائض'' ان کی قابل قدر کتاب ہے۔ ہر شخص کی خواہش ہوتی ہے کہ اُس کے بچے خوش خصال اور پسندیدہ اطوار کے مالک ہوں' معاشرے میں عزت و وقار کی زندگی بسر کریں اور ملک و ملت کے لیے مفید ثابت ہوں۔ ان مقاصد کے حصول کے لیے ضروری ہے کہ والدین اپنے فرائض سے آگاہ ہوں۔ مگر ہوتا یہ ہے کہ والدین نہ تو اپنے فرائض سے کماحقہٗ واقف ہوتے ہیں اور نہ اُن کی ادائیگی میں کما ینبغی سعی و جہد کرتے ہیں۔ پھر جب اولاد اُن کے معیار پر پوری نہیں اترتی تو شکوہ کرتے ہیں۔

اس کتاب میں فاضل مصنف نے نہایت مؤثر انداز میں والدین کے حقوق و فرائض واضح کیے ہیں۔ والدین کو اس بات سے آگاہ کیا ہے کہ وہ اپنی اولاد کے کن کن حقوق کی رعایت رکھیں اور کس طرح انہیں حکمت و دانائی کے ساتھ اچھے اخلاق کی تعلیم دیں۔ ماں کی گود بچے کی پہلی تربیت گاہ ہوتی ہے۔ چنانچہ تربیت اولاد کے سلسلہ میں ماں کو اس کی اہم اور نازک ذمہ داریوں سے آگاہ کیا گیا ہے۔ پھر بچوں کو اپنے والدین کے ادب و احترام اور

© rasailojaraid